الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ
رَفَثَ وَ لاَ فُسُوقَ وَ لاَ جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَ مَا تَفْعَلُوا
مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللَّهُ وَ تَزَوَّدُوا فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَى
وَ اتَّقُونِ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ (197) لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ
أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلاً مِنْ رَبِّكُمْ فَإِذَا أَفَضْتُمْ مِنْ عَرَفَاتٍ
فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَ اذْكُرُوهُ كَمَا
هَدَاكُمْ وَ إِنْ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ (198)
ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَ اسْتَغْفِرُوا اللَّهَ
إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ (199) فَإِذَا قَضَيْتُمْ مَنَاسِكَكُمْ
فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْراً فَمِنَ
النَّاسِ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَ مَا لَهُ فِي
الْآخِرَةِ مِنْ خَلاَقٍ (200) وَ مِنْهُمْ مَنْ يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَ فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنَا عَذَابَ
النَّارِ (201) أُولٰئِکَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِمَّا كَسَبُوا وَ اللَّهُ
سَرِيعُ الْحِسَابِ (202) وَ اذْكُرُوا اللَّهَ فِي أَيَّامٍ
مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ وَ
مَنْ تَأَخَّرَ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ لِمَنِ اتَّقَى وَ اتَّقُوا اللَّهَ وَ
اعْلَمُوا أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (203) وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ
يُعْجِبُکَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَ يُشْهِدُ اللَّهَ عَلَى مَا
فِي قَلْبِهِ وَ هُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ (204) وَ إِذَا تَوَلَّى سَعَى
فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَ يُهْلِکَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ
وَ اللَّهُ لاَ يُحِبُّ الْفَسَادَ (205) وَ إِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللَّهَ
أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ وَ لَبِئْسَ الْمِهَادُ
(206) وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاةِ

**اللَّهِ وَ اللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ (207) يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا**

**ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَ لاَ تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ**

**الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ (208) فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِنْ**

**بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ**

**حَكِيمٌ (209) هَلْ يَنْظُرُونَ إِلاَّ أَنْ يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي**

**ظُلَلٍ مِنَ الْغَمَامِ وَ الْمَلاَئِكَةُ وَ قُضِيَ الْأَمْرُ وَ إِلَى**

**اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ (210)**

For Hajj are the months well known. If any one undertakes that duty therein, let there be no obscenity, nor wickedness, nor wrangling in the Hajj. And whatever good ye do, (be sure) Allah knoweth it. And take a provision (with you) for the journey, but the best of provisions is right conduct. So fear Me, O ye that are wise. It is no crime in you if ye seek of the bounty of your Lord (during pilgrimage). Then when ye pour down from (mount) Arafat, celebrate the praises of Allah at the sacred monument, and celebrate His praises as He has directed you, even though, before this, ye went astray. Then pass on at a quick pace from the place whence it is usual for the multitude so to do, and ask for Allah's forgiveness. For Allah is oft-forgiving, most merciful. So

when ye have accomplished your rites, celebrate the praises of Allah, as ye used to celebrate the praises of your fathers,– yea, with far more heart and soul. There are men who say: "Our Lord! Give us (Thy bounties) in this world!" But they will have no portion in the hereafter. And there are men who say: "Our Lord! Give us good in this world and good in the hereafter, and defend us from the torment of the fire!" To these will be allotted what they have earned; and Allah is quick in account. Remember Allah during the appointed days. But if any one hastens to leave in two days, there is no blame on him, and if any one stays on, there is no blame on him, if his aim is to do right. Then fear Allah, and know that ye will surely be gathered unto Him. There is the type of man whose speech about this world's life may dazzle thee, and he calls Allah to witness about what is in his heart; yet is he the most contentious of enemies. When he turns his back, His aim everywhere is to spread mischief through the earth and destroy crops and progeny. But Allah loveth not mischief. When it is said to him, "Fear Allah", He is led by arrogance to (more) crime. Enough for him is hell;– an evil bed indeed (to lie on)! And there is the type of man who gives his life to earn the pleasure of Allah: and Allah is full of kindness to (His) devotees. O ye who believe! Enter into Islam whole-heartedly; and follow not the footsteps of the Satan for he is to you an avowed enemy. If ye backslide after the clear (signs) have come to you, then know that Allah is exalted in power, wise. Will they wait until Allah comes to them in canopies of clouds, with angels (in His train) and the question is (thus) settled? But to Allah do all questions go back (for decision).

حج کے مہینے سب کو معلوم ہیں—جو شخص ان مقرّر مہینوں میں حج کی نیت

کرے،اسے خبر دار رہنا چاہئیے کے حج کے دوران میں اس سے کوئی شہوانی

فعل، کوئی بد عملی، کوئی لڑائی جھگڑے کی بات سر زد نہ ہو—اور جو نیک کام تم

کروگے،وہ اللہ کے علم میں ہو گا—سفر حج کے لئے زادراہ ساتھ لے جاؤ،اور

سب سے بہتر زادراہ پرہیز گاری ہے—پس اے ہوش مندو! میری نافرمانی

سے پرہیز کرو-اور اگر حج کے ساتھ ساتھ تم اپنے رب کا فضل بھی تلاش

کرتے جاؤ،تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں-پھر جب عرفات سے چلو،تو مشعر

حرام (مزدلفہ) کے پاس ٹھہر کر اللہ کو یاد کرو،اور اس طرح یاد کرو، جس کی

ہدایت اس نے تمہیں کی ہے،ورنہ اس سے پہلے تو تم لوگ بھٹکے ہوئے تھے

—پھر جہاں سے اور سب لوگ پلٹتے ہیں،وہیں سے تم بھی پلٹو اور اللہ سے

معافی چاہو،یقیناوہ معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے—پھر جب اپنے

حج کے ارکان ادا کر چکو،تو جس طرح پہلے اپنے آباؤاجداد کا ذکر کرتے تھے،

اس طرح اب اللہ کا ذکر کرو، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر—(مگر اللہ کو یاد کرنے

والے لوگوں میں بھی بہت فرق ہے)ان میں سے کوئی تو ایسا ہے، جو کہتا ہے کہ اے ہمارے رب، ہمیں دنیا ہی میں سب کچھ دے دے—ایسے شخص کے لئے آخرت میں کوئی حصّہ نہیں—اور کوئی کہتا ہے کہ: "اے ہمارے رب، ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی، اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا—" ایسے لوگ اپنی کمائی کے مطابق (دونوں جگہ) حصّہ پائیں گے اور اللہ کو حساب چکاتے کچھ دیر نہیں لگتی—یہ گنتی کے چند روز ہیں جو تمہیں اللہ کی یاد میں بسر کرنا چاہیے—پھر جو کوئی جلدی کرکے دو ہی دن میں واپس ہو گیا تو کوئی حرج نہیں، اور جو کچھ دیر زیادہ ٹھہر کر پلٹا تو بھی کوئی حرج نہیں—بشرطیکہ یہ دن اس نے تقویٰ کے ساتھ بسر کئے ہوں-اللہ کی نافرمانی سے بچو اور خوب جان رکھو کہ ایک روز اس کے حضور میں تمہاری پیشی ہونے والی ہے-انسانوں میں کوئی تو ایسا ہے، جس کی باتیں دنیا کی زندگی میں تمہیں بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں اور اپنی نیک نیتی پر وہ بار بار خدا کو گواہ ٹھہراتا ہے، مگر حقیقت میں وہ بدترین دشمن حق ہوتا ہے—جب اسے اقتدار حاصل ہو

جاتاہے توزمین میں اس کی ساری دوڑ دھوپ اس لئے ہوتی ہے کہ فساد

پھیلائے، کھیتوں کو غارت کرے اور نسل انسانی کو تباہ کرے—حالانکہ اللہ (

جسے وہ گواہ بنارہاتھا) فساد کو ہر گز پسند نہیں کرتا—اور جب اس سے کہا جاتا ہے

کہ اللہ سے ڈر، تو اپنے وقار کا خیال اس کو گناہ پر جما دیتا ہے—ایسے شخص کے

لئے تو بس جہنّم ہی کافی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے—دوسری طرف انسانوں

ہی میں کوئی ایسا بھی ہے جو رضاے الٰہی کی طلب میں اپنی جان کھپا دیتا ہے اور

ایسے بندوں پر اللہ بہت مہربان ہے-اے ایمان لانے والو، تم پورے کے

پورے اسلام میں آجاؤ اور شیطان کی پیروی نہ کرو کہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے

—جو صاف صاف ہدایات تمہارے پاس آچکی ہیں، اگر ان کو پالینے کے بعد

پھر تم نے لغزش کھائی، تو خوب جان رکھو کہ اللہ سب پر غالب اور حکیم و دانا

ہے—(ان ساری نصیحتوں اور ہدایتوں کے بعد بھی لوگ سیدھے نہ ہوں تو)

کیا اب وہ اس کے منتظر ہیں کہ اللہ بادلوں کا چتر لگائے، فرشتوں کے

پرے ساتھ لئے خود سامنے آموجود ہو اور فیصلہ ہی کر ڈالا جائے؟ آخر کار

سارے معاملات پیش تو اللہ ہی کے حضور ہونے والے ہیں—

हज के महीने सबको मालूम हैं | जो शख्स इन मुकर्रर महीनों में हज की नीयत करे, उसे खबरदार रहना चाहिए कि हज के दौरान में उससे कोई शहवानी फ़ेल, कोई बादअमली, कोई लड़ाई-झगड़े की बात सरज़द न हो | और जो नेक काम तुम करोगे, वह अल्लाह के इल्म में होगा | सफ़रे-हज के लिए जादे-राह साथ ले जाओ, और सबसे बेहतर जादे-राह परहेज़गारी है | पस ऐ होशमन्दो! मेरी नाफ़रमानी से परहेज़ करो | और अगर हज के साथ-साथ तुम अपने रब का फज्ल भी तलाश करते जाओ तो इससे मुज़ायाका नहीं | फिर जब अरफ़ात से चलो तो मशअरे-हराम (मुज़द्लिफा) के पास ठहरकर अल्लाह को याद करो और उस तरह करो जिसकी हिदायत उसने तुम्हें की है, वरना इससे पहले तो तुम लोग भटके हुए थे | फिर जहाँ से और सब लोग पलटते हैं वहीँ से तुम भी पलटो और अल्लाह से माफ़ी चाहो, यक़ीनन वह माफ़ करनेवाला और रहम फरमानेवाला है फिर जब अपने हज के अरकान अदा कर चुको तो जिस तरह पहले अपने आबा व अज्दाद का जिक्र करते थे, उस तरह अब अल्लाह का जिक्र करो, बल्कि उससे भी बढ़कर | (मगर अल्लाह को याद करनेवाले लोगो में भी बहुत फर्क है) उनमें से कोई तो ऐसा है, जो कहता है कि ऐ हमारे रब, हमें दुनिया ही में सब कुछ दे दे | ऐसे शख्स के लिए आखिरत में कोई हिस्सा नहीं |और कोई कहता है कि ऐ हमारे रब, हमें दुनिया में भी भलाई दे और

आख़िरत में भी भलाई, और आग के अज़ाब से हमें बचा | ऐसे लोग अपनी कमाई के मुताबिक़ (दोनों जगह) हिस्सा पाएँगे और अल्लाह को हिसाब चुकाते कुछ देर नहीं लगती | ये गिनती के चन्द रोज़ हैं जो तुम्हें अल्लाह की याद में बसर करने चाहिएँ | फिर जो कोई जल्दी करके दो ही दिन में वापस हो गया तो कोई हरज नहीं, और जो कुछ देर ज्यादा ठहरकर पलटा तो भी कोई हरज नहीं | बशर्ते कि ये दिन उसने तकवा के साथ बसर किए हों -- अल्लाह की नाफ़रमानी से बचो और ख़ूब जान रखो की एक रोज़ उसके हुज़ूर में तुम्हारी पेशी होनेवाली है | इनसानों में कोई तो ऐसा है जिसकी बातें दुनिया की ज़िन्दगी में तुम्हें बहुत ही भली मालूम होती हैं और अपनी नेक नीयती पर वह बार-बार ख़ुदा को गवाह ठहराता है, मगर हकीकत में वह बदतरीन दुश्मने-हक़ होता है | जब उसे इकतिदार हासिल हो जाता है तो ज़मीन में उसकी सारी दौड़-धूप इसलिए होता है कि फ़साद फैलाए, खेतियों को ग़ारत करे और नस्ले-इनसानी को तबाह करे - हालाँकि अल्लाह (जिसे वह गवाह बना रहा था) फ़साद को हरगिज़ पसन्द नहीं करता– और जब उससे कहा जाता है कि अल्लाह से डर, तो अपने वक़ार का ख़याल उसको गुनाह पर जमा देता है | ऐसे शख्स के लिए तो बस ज़हन्नम ही काफी है, और वह बहुत बुरा ठिकाना है | दूसरी तरफ़ इनसानों ही में कोई ऐसा भी है जो रिज़ा-ए-इलाही की तलब में अपनी जान खपा देता है और ऐसे बन्दों पर अल्लाह मेहरबान है | ऐ ईमान लानेवालो, तुम पूरे के पूरे इस्लाम में आ जाओ और शैतान की पैरवी न करो कि वह तुम्हारा खुला दुश्मन है | जो साफ़-साफ़ हिदायत तुम्हारे पास आ चूका हैं अगर उनको पा लेने के

बाद फिर तुमने लगजिश खाई, तो खूब जान रखो कि अल्लाह सब पर ग़ालिब और हकीम व दाना है (इन सारी नसीहतों और हिदायतों के बाद भी लोग सीधे न हों, तो) क्या अब वे इसके मुन्तज़िर हैं कि अल्लाह बादलों का चत्र लगाए फरिश्तों के पारे साथ लिए ख़ुद सामने आ मैजूद हो और फ़ैसला ही कर डाला जाए?—आखिरकार सारे मामलात पेश तो अल्लाह ही के हुज़ूर होनेवाले हैं।